نمبر (۱)

RAMPUR STATE GAZETTE رامپور اسٹیٹ گزٹ

جلد (۴۰)

بحکم بندگان اعلیحضرت پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ رجب المرجب ۱۳۴۶ھ مطابق ۲ جنوری ۱۹۲۸ء

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر ممبر کمیٹی

۱۹ دسمبر ۱۹۲۷ء

رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر با طلاع تبدیلی ٹریژری پرشاد گماشتہ خزانہ ممبر کمیٹی سود و تجویز تقرر ممبری بہ منیجر دکان خزانہ مع رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ قائمی کمیٹی سود بنا بر تعلق معاملات سود از ۱۲ جون ۱۹۱۰ء در تقرر ممبری یکے کس گماشتہ خزانہ در کمیٹی شود۔

حکم

منیجر دکان خزانہ کو کمیٹی سود کا ممبر مقرر کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ دسمبر ۱۹۲۷ء

مثنیٔ عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت بیس یوم لفٹنٹ آغا ذاکر حسین صاحب اے ڈی سی من ابتدا ۲۲ دسمبر ۱۹۲۷ء بوجہ شادی برادر بمقام دہلی

حکم

رخصت ۲۰ یوم مطلوبہ لفٹنٹ آغا ذاکر حسین اے ڈی سی کی ۲۰ دسمبر ۱۹۲۷ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ دسمبر ۱۹۲۷ء

مثنیٔ رپورٹ سردار صاحب ڈیوڑھی در بارہ منظوری رخصت ۱۴ یوم منشی محمد ممتاز احمد نیابی من ابتدا ۱۰ لغایت ۱۵ جنوری ۱۹۲۸ء بوجہ علالت اہلیہ۔ زمانہ رخصت میں حکیم محمد تقی کام متعلقہ رخصتی انجام دینگے۔

حکم

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر ممبر کمیٹی سود۔	۱
۲	رخصت لفٹنٹ آغا ذاکر حسین صاحب	۵
۳	″ سجادہ منظور کتب خانہ	۴و۶
۴	اضافہ عہدہ منشی محمد فیاض۔	۲
۵	بابت اطلاع شادی ملازمین بوقت [illegible]	″
۶	رہائی محمد یحییٰ سزایاب۔	″
۷	رخصت بیج موہن لال	″
۸	″ گوبند رام ڈاکٹر	۳
۹	برطرفی منشی نائب مدرس بہوٹ بقال	″
۱۰	رخصت محمد حبیب شاہ آباد۔	″
۱۱	استعفا مدرس مشتی ناگلہ۔	″
۱۲	اضافہ مشاہرہ علی خان احمد۔	″
۱۳	تبدیلی مدرس مشنوش۔	″
۱۴	رخصت محمد نجیب گاڑی خانہ۔	″
۱۵	اضافہ تنخواہ جمعدار آبکاری۔	۴
۱۶	″ سرکل آبکاری	″
۱۷	″ حامد رضا خان وغیرہ۔	″
۱۸	″ مولوی عبدالجبار خان۔	″
۱۹	″ شبیر علی خان۔	″
۲۰	″ امداد حسین خان	″

بذمہ داری رجسٹر کتب خانہ بجائے ان منصرم کی رخصت ما بقی ۱۴ یوم ۲ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء سے بموجب رپورٹ منظور ہوئی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

محمد فیاض ہیڈ کانسٹبل باہر جیاب انگشت [illegible] روپیہ ماہانہ تنخواہ اور دس روپیہ ماہانہ الاونس پاتا ہے۔ رقم الاونس سے پانچ روپیہ ماہانہ تنخواہ میں اضافہ کرکے [illegible] سب انسپکٹر کیا جاتا ہے۔ آیندہ سے تیس روپیہ تنخواہ اور پانچ روپیہ ماہانہ الاونس لیگا اور عہدہ سب انسپکٹر رہیگا۔ اسکی جگہ دوسرا ہیڈ کانسٹبل بنائے جانیکی ضرورت نہیں کیونکہ یہ جگہ خالی نہیں ہوئی ہے۔ [illegible] اس سے قبل عترت حسین [illegible] کے عہدہ کا ہوا تھا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجراء احکام اصل کاغذات پولیس کو مرسل ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۷ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

صیغہ جات ماتحت اجلاس ہذا میں سے جو ملازم زائد از [illegible] تنخواہ کا ایام تعطیل یا غیر تعطیلات میں اپنے ہیڈکوارٹر سے باہر جانا چاہے تو اسکی اطلاعی رپورٹ صیغہ متعلقہ سے اجلاس ہذا میں آنا چاہئے خواہ وہ ملازم رخصت وغیرہ اجلاس ہذا سے حاصل کرچکا ہو۔ یا سکریٹری صاحبان بہادر سے حاصل کی ہو۔ بہرحال روانگی بیرونجات کے لئے اطلاعی رپورٹ اجلاس ہذا میں آنا ضروری ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۹ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

محمد مجتبیٰ سب انسپکٹر بالزام [illegible] زیر دفعہ (۱۶۱) ایک ماہ قید اور پچاس روپیہ جرمانہ کی سزایاب ہوا تھا جسکی میعاد قید پندرہ روز باقی ہے قیدی مذکور کو [illegible] حسب دفعہ (۴۰۱) ضابطہ فوجداری بقیہ ایام بذمہ سے رہا کیا جاتا ہے۔ محمد مجتبیٰ مولوی محمد یعقوب وکیل سرکار کا پسر ہے۔ وکیل سرکار دیرینہ ملازم اور نمکخوار ریاست ہے۔ مشارالیہ کی استدعا پر یہ پرورش مبذول کی گئی ہے۔ درخواست وکیل سرکار شامل ہے۔

حکم ہوا کہ

اصل روبکار ہذا بغرض کارروائی رہائی قیدی عدالت اپیل کمشنری کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ وہاں سے اندراج گزٹ کرا دیا جائے۔ اجلاس سے نقلیں بھی جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت دو ہفتہ بیج ہوگن لال [illegible] سررشتہ [illegible] بوجہ علالت بذمہ داری چندی پرشاد اہلمد۔

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر رخصت دو ہفتہ سائل بذمہ داری چندی پرشاد منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثل یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ [illegible] ڈاکٹر سکندر رام کی مزید رخصت یکماہ ۳۰ نومبر سنہ ۱۹۲۷ء کو ختم ہوگئی یکم دسمبر [illegible] ڈاکٹر مذکور نے درخواست انعام پیشن کی جو بسفارش اجلاس ہمایوں میں روانہ ہوئی جبتک [illegible] درخواست پر اجلاس ہمایوں سے حکم صادر نہو اسکی رخصت بوضع تنخواہ بقیام سابقہ منظور فرمائی جائے۔

حکم

ڈاکٹر سکندر رام کی رخصت ۳۰ نومبر سنہ ۱۹۲۷ء کو ختم ہوگئی۔ نامبردہ نے درخواست عطائے انعام پیشن کی ہے۔ اس درخواست پر حکم صادر ہونے تک نامبردہ کی رخصت بوضع تنخواہ [illegible] منظور کیجاتی ہے۔ نامبردہ کی جگہ بدستور [illegible] شفاخانہ جیل کا انچارج رہیگا۔ اور اسکو دس روپیہ ماہوار الاونس ملیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۸ دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس رحمت علی خان نائب مدرس مدرسہ چوبٹ علاقہ تحصیل سوار بوجہ غیر حاضری یکم دسمبر ۱۹۲۶ء سے برخاست کیا گیا۔ اور بجائے نامبرده سیّد ملک شیر خان ولد کرم شیر خان درجہ پنجم پاس بشرح ۵ تنخواہ برامتحاناً برائے چھ ماہ نائب مدرس مقرر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ دسمبر ۱۹۲۶ء

مثنہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد۔ دربارہ منظوری رخصت یک ہفتہ از ۱۰ دسمبر ۱۹۲۶ء منشی عبد الباسط محرر رجسٹری تحصیل شاہ آباد

حکم

چونکہ کاغذات سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر حصول رخصت محرر رجسٹری اپنے کام سے ورخواست دیکر غیر حاضر ہو گیا۔ لہذا محرر رجسٹری تحصیل شاہ آباد کی رخصت دو ہفتہ بوضع تنخواہ منظور ہے۔ کار کا انتظام بدستور بذمہ داری محرر جوڈیشل حسب ضابطہ سب رجسٹرار شاہ آباد کے رہیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

استعفا

۱۹ دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس رمضان الدین مدرس مدرسہ سیجنی نانکار پرگنہ حضور تحصیل کا استعفا ۱۰ دسمبر ۱۹۲۶ء سے منظور کیا گیا۔

لہذا حکم ہوا

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۱ دسمبر ۱۹۲۶ء

مثنہ تحریر صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ بہادر درجہ اول معہ رپورٹ صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر۔ دربارہ اضافہ رشید علیخان اہلمد عدالت تنخواہ دار للعہ بقدر چہ روپیہ بوجہ کثرت کام و کمی تنخواہ۔

حکم

حسب سفارش صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول رشید علیخان اہلمد کی تنخواہ دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبدیلی

۱۹ دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس۔ سید اشرف علی مدرس مدرسہ تحصیل بلاسپور تنخواہ دار للعہ ماہوار مدرسہ سیجنی نانکار پرگنہ حضور تحصیل کو تبدیل کیا گیا اور بوجہ بیماری نامبرده کی رخصت ۱۵ روز منظور کی گئی۔ اور بجائے اشرف علی مدرس مدرسہ متوش پور سے حسن رضا ماسٹر مدرسہ چاؤ پورہ تحصیل سوار چہارم پاس للعہ تنخواہ پر تبدیل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

واقع ۱۴ دسمبر ۱۹۲۶ء

محمد اکبر خان محرر کارخانہ فراشخانہ نے بعذر علالت دکمزوری رخصت تین ماہ رعایتی کی درخواست پیش کی ہے۔ معہ سارٹیفکیٹ ڈاکٹری جو برمشتہ ہے۔ نامبرده کی دو ماہ کی رخصت دیرینہ ملازم ہونے کے لحاظ سے بعوض محمد مظفر خان پسر نامبرده منظور ہوئی تھی لیکن نامبرده سے کام نہ چلنے کی منصرم کو شکایت ہے۔ اس لئے کنٹرولر صاحب کی رائے ہے آئندہ رخصت بعوض محمد مظفر خان لایق منظوری نہیں۔ بلکہ واحد علی خان اپرنٹس کو عوض تجویز کیا ہے۔ اور محمد اکبر خان محرر کی ملازمت ۵۲ سالہ میں یہ ہی دو ماہ کی رخصت بعوض دیئے جانیکی تصدیق کی ہے۔ چونکہ اکبر خان بہت دیرینہ ملازم ہے۔ لہذا رخصت رعایتی دو ماہ اور عوض کو حق خدمت بطور پیڈ اپرنٹس دیئے جانیکی تجویز ہے۔

واحد علی اپرنٹس کنٹرولر آفس کا ہے۔ مع بہادر اپنی پرورش کی درخواست کرتا ہے نامبرده دفتر ہذا کا اپرنٹس ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

رخصت رعایتی دو ماہ محمد اکبر خان کی منظور ہے۔ مع بہادر عوض مقرر کیا جائے۔ نامبرده کو آٹھ روپیہ ماہوار ان بطور پیڈ اپرنٹس ملیں گے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات

اضافہ

۱۰ دسمبر ۱۹۲۶ء

مثنہ تحریر صاحب فاننشل سکریٹری بہادر مورخہ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری

دربارہ تکمیل تنخواہ سے کیدار ناتھ تحویلدار صیغہ آبکاری مشاہرہ دار بیست روپیہ از یوم تکمیل ضمانت یعنی ۱۵ر مارچ ۱۹۲۶ء باضافہ پانچروپیہ ماہانہ۔

حکم

حسب سفارش سپرنٹنڈنٹ ابکاری و صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر کیدار ناتھ تحویلدار صیغہ آبکاری مشاہرہ دار بیست روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچروپیہ ماہوار اضافہ تاریخ تکمیل ضمانت ۱۵ر مارچ ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ حسب ضابطہ احکام جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

اضافہ

۱۳ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ آبکاری دربارہ اضافہ تنخواہ دس روپیہ شجاع اللہ خان کلرک آبکاری بلحاظ محنت و ہوشیاری۔

حکم

دس روپیہ ماہوار اضافہ زیادہ ہے۔ حسب سفارش پانچروپیہ ماہوار کا اضافہ دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

اضافہ

۲۰ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری دربارہ منظوری اضافہ منشی امتیاز احمد محرر گودام بوجہ ملازمت دیرینہ۔

حکم

صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری سے امتیاز احمد محرر گودام آبکاری مشاہرہ دار ... ماہوار کی بابت ... روپیہ ماہوار کی سفارش کرتے ہین۔ جو زیادہ ہے۔ نامبردہ کی موجودہ تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ احکام جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

منشی حامد رضا خان نائب محرر کی تعیناتی اجلاس ہذا مین ہے۔ اور اجلاس مین صرف ایک ہی نائب محرر ہے۔ کار متعلقہ نہایت محنت سے انجام دیتا ہے۔ مویشی خانہ جات کا تعلق ہو جانیکی وجہ سے کام کی نہایت کثرت ہے۔ نامبردہ ہر روزہ کام ختم کر دیتا ہے۔ پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ بمقابلہ دیگر نائبان میونسپلٹی قلیل ہے۔ یکم دسمبر ۱۹۲۶ء سے موجودہ تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار کا اضافہ دیا جانا منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بابراجرا احکام صدر عالیہ کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مولوی عبد الجبار خان اہلمد کس متعینہ دفتر میونسپلٹی مشاہرہ دار بیست روپیہ ماہوار کے باسکلیم زائد ہے۔ پرائیوٹ گاڑیان و سائیکل ہائے پر جو سال حال مین جدید ٹیکس قائم ہوے ہین انکے متعدد رجسٹر جدید جاری ہوے ہین۔ اسوقت تک کام قابل اطمینان انجام دے رہے ہین۔ شوکت علیخان اہلمد متوفی جنکی جگہ پر نامبردہ کا تقرر ہوا ہے مبلغ پانچ روپیہ ماہوار کا ملازم تھا۔ مبلغ دو روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین گنجائش ہے۔ یکم دسمبر ۱۹۲۶ء سے مبلغ دو روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بابراجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

تجمیر علیخان محرر چنگی کی تعیناتی دفتر میونسپلٹی مین اندراج بیجک ہائے پر ہے۔ اور مستقل طور سے وہ اجلاس آنریری مجسٹریٹ صاحب مین حاضر رہکر کام انجام دیتا ہے۔ دس روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے جو قلیل ہے۔ اجلاس حضور مرشد زادہ آفاق عالیجناب نواب سید ... بہادر دام اقبالہم ارشاد نافذ ہوا ہے کہ ایک محرر مستقل طور سے انکے اجلاس مین تعینات کر دیا جائے۔ چونکہ نامبردہ محنت سے دونون کام انجام دے رہا ہے۔ یکم دسمبر ۱۹۲۶ء سے مبلغ دو روپیہ ماہوار کا اضافہ دیا جانا منظور کیا گیا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بابراجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ ڈپٹی ... صاحب صدر دربارہ منظوری اضافہ منشی انوار حسین خان معاون اہلمد خزانہ صدر مشاہرہ دار ... روپیہ ماہوار بوجہ حسن انجام دہی کام۔

حکم

حسب سفارش ڈپٹی ... صاحب انوار حسین خان معاون اہلمد خزانہ صدر کی موجودہ تنخواہ مین تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

سرکاری گزٹ ریاست رامپور سرکاری پریس مین چھپکر شائع ہوا